شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

14 دسمبر 2022

پریس ریلیز

پاکستان کے غیر مستحکم ہونے کی بنیادی وجہ نظریۂ پاکستان سے انحراف ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): پاکستان کے غیر مستحکم ہونے کی بنیادی وجہ نظریۂ پاکستان سے انحراف ہے۔ یہ بات تنظیمِ اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے نیو کراچی سیکٹر 9 میں ایک جلسے سے خطاب کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی بنیاد "پاکستان کا مطلب کیا لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ "پر رکھی گئی تھی۔ اور تحریکِ پاکستان کے دوران مختلف زبان، نسل، ثقافت اور علاقوں کے حامل مسلمانوں کو اسلام نے ایک دوسرے سے جوڑ دیا تھا۔ حقیقت یہ ہے کہ مصورِ پاکستان علامہ اقبالؒ اور بانیٔ پاکستان قائدِ اعظمؒ کے پیشِ نظر ایک اسلامی ریاست کا قیام تھا۔ گذشتہ 75 سالوں میں ہم نے نظریۂ پاکستان کو عملی تعبیر دینے کی طرف کوئی خاطر خواہ پیش قدمی نہیں کی بلکہ پاکستان کے قیام کی اساس کے برعکس سفر جاری رکھا۔ اس وقت دنیا کے نقشے پر پاکستان وہ واحد ملک ہے جس کی بنیاد اس طرز پر رکھی گئی جس طرز پر آج سے ساڑھے چودہ سو سال پہلے مدینہ منوّرہ کی بطور اسلامی ریاست بنیاد رکھی گئی تھی۔ امیر تنظیم نے کہا کہ ہم پر بحیثیت قوم یہ قرض ہے کہ ہم دین کو قائم کرنے کی عملی جدوجہد کریں۔ قیامِ پاکستان کے وقت لاکھوں مسلمان اپنی جائیدادیں چھوڑ کر اس لئے پاکستان آئے تھے تاکہ انھیں ایسا خطۂ زمین میسر آئے جہاں اسلام کا عادلانہ نظام قائم و نافذ ہو، تاکہ وہ اسلامی تعلیمات کے مطابق زندگی گذار سکیں اور دنیا کے سامنے عدل پر مبنی ایک معاشرہ بطور نمونہ پیش کر سکیں۔ اس کے برعکس مجموعی طور پر ہم نے اپنی صلاحیتیں اور اپنا وقت دنیا کمانے کے لیے لگا دیا اور وہ مقصد جس کے لیئے ہجرت کی اور لاکھوں جانیں دے کر ملک قائم کیا اس کو نظر انداز کر دیا۔ اب یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ انفرادی و اجتماعی سطح پر سچی توبہ کر کے اپنی جان، مال، اولاد، گھر، صلاحیتیں غرض جو کچھ اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا فرمایا ہے اس کو دین کی سربلندی کے لیے کھپا دیں اور ایک پُرامن، منظم، غیر مسلح انقلابی تحریک کے ذریعہ نفاذِ اسلام کی جدوجہد کریں۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کی بقا اور استحکام اسی میں مضمر ہے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان